PAPER CODE - 8021

DGK-G1-12-18

بارھویں کلاس 12018

اردو لازمی ، گروپ پہلا

**حصہ معروضی**

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نواب محسن الملک نے ریاست کا بجٹ نمونے پر مرتب کیا۔ | (A) مصر کے | (B) ترکی کے | (C) علی گڑھ کے | (D) عراق کے |
| 2 | مولانا ظفر علی خاں محروم تھے۔ | (A) توند سے | (B) آنکھ سے | (C) ہاتھ سے | (D) پاؤں سے |
| 3 | کابل ہوٹل میں روزانہ کا اچھا کمرہ ہے۔ | (A) ایک ڈالر | (B) سات ڈالر | (C) دس ڈالر | (D) چار ڈالر |
| 4 | پنالال جوہری زبردستی جُن کے پلے باندھ دیتا تھا۔ | (A) دوسو روپے | (B) پانچ سو روپے | (C) پچاس روپے | (D) ایک سو روپے |
| 5 | مولوی نذیر احمد شادی کے وقت ملازم تھے۔ | (A) پندرہ روپے کے | (B) دس روپے کے | (C) بیس روپے کے | (D) پچاس روپے کے |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | میں نے یہاں کے آم میٹھے ........ | (A) پائیں | (B) پائی | (C) پائے | (D) پایا |
| 7 | یہ عورت بڑی ........ | (A) لڑاکی ہے | (B) لڑاکو ہے | (C) لڑاکیں ہے | (D) لڑاکا ہے |
| 8 | چونکہ وہ بیمار ہے.....کالج نہیں آیا | (A) اس لیے | (B) لہٰذا | (C) اگرچہ | (D) تاکہ |
| 9 | تم نے آج اخبار جنگ ........ | (A) دیکھی | (B) دیکھا | (C) دیکھیں | (D) دیکھے |
| 10 | آج عمران کالج نہیں آسکا......اس کا بیٹا بیمار تھا۔ | (A) اگرچہ | (B) کہ | (C) کیونکہ | (D) چنانچہ |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | ندائیہ کی علامت ہے | (A) ؟ | (B) ! | (C) ؛ | (D) : |
| 12 | جملہ معترضہ کے گرد علامت استعمال ہوگی | (A) : | (B) ( ) | (C) ؟ | (D) ، |
| 13 | ؛ علامت ہے۔ | (A) ندائیہ | (B) تفصیلیہ | (C) رابطہ | (D) وقفہ |
| 14 | مختصر ترین ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوگی۔ | (A) ، | (B) : | (C) " " | (D) ؟ |
| 15 | تفصیلیہ کی علامت ہے۔ | (A) :- | (B) ؛ | (C) ! | (D) : |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جملے کی نشان دہی کیجیے ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | رہنا : | (A) علی لاہور جا رہا ہے۔ | (B) اصولوں پر قائم رہنا چاہیے۔ | (C) ہنگامہ رات بھر جاری رہا۔ | (D) شاہد گاؤں میں رہتا ہے۔ |
| 17 | لگنا : | (A) تیر نشانے پر جا لگا۔ | (B) میں کیسا لگ رہا ہوں؟ | (C) ٹی وی پر کارٹون لگے ہوئے ہیں | (D) کیا آپ کو میری بات بُری لگی |
| 18 | کرنا : | (A) غلط کام مت کریں | (B) میں نے یہ کام کر دیا ہے | (C) کاش وہ محنت کرتا | (D) کھانا وقت پر کھایا کرو |
| 19 | ڈالنا : | (A) چائے میں چینی ڈالنا | (B) گڑھے میں مٹی ڈالو | (C) بچے نے کتاب پھاڑ ڈالی | (D) یہ خط ڈال آؤ |
| 20 | لینا : | (A) میں نے یہ مکان خرید لیا ہے | (B) مجھے قلم لا دو۔ | (C) بازار سے کتاب لے آؤ | (D) قسمت ہمیں کہاں لے آئی؟ |

ParhloPakistan.com



D.G.K

ParhloPakistan.com